| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی بتسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'ڈھ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف ڈھ کی آواز پہچان سکیں۔ڈھ کو ا،و،ی،ے سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکھیں۔ | **دہرائی:**<br>کتاب صفحہ 69 پر دی گئی نظم بچوں کے ساتھ مل کر پڑھیے بھاری حروف والے الفاظ پوچھیے۔ | 5منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ڈھ کی آواز اور مصوتوں کے ساتھ ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>'ڈھ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کی آواز سے متعارف کروایا جائے گا۔'ڈھ' کو ہوا میں لکھیے اور بچوں سے بھی لکھنے کی مشق کروایئے۔'ڈھ' کا فلیش کارڈ بچوں کو دے کر اس پر انگلی پھیرنے کو کہا جائے گا۔'ڈھ' کو ا،و،ی،ے سے ملا کر تختہ سیاہ/سفید پر لکھا جائے گا اور بچوں سے بلند خوانی کروائی جائے گی۔ڈھا ڈھو ڈھی ڈھے بچوں کو ڈھ کے الفاظ بتائے جائیں گے۔ | 10منٹ | 'ڈھ' فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>کمرہ جماعت میں 'ڈھ' کے الفاظ فلیش کارڈ چھپائے جائیں گے۔بچوں سے 'ڈھ' کی آواز پوچھ کر کمرہ جماعت میں ڈھ کے الفاظ فلیش کارڈز ڈھونڈنے کو کہا جائے گا۔'ڈھ' کا لفظ ڈھونڈنے کے بعد بچہ/بچی اسے تختہ نرم پر لگا دیں گے اور پڑھ کر سنائیں گے۔بچوں سے کتاب صفحہ 71 کھولنے کو کہا جائے گا۔'ڈھ' لکھنے اور 'ڈھ' کو مصوتوں سے ملا کر لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20منٹ | کتاب صفحہ 71 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ہوا یا میز پر 'ڈھ' لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 5منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کاپی پر 'ڈھ' کو ا،و،ی،ے سے ملا کر لکھیے۔ | | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی بتسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'ڈھ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'ڈھ' کی آواز اور الفاظ پہچان سکیں ڈھ کے الفاظ اور جملے پڑھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>'ڈھ' کا فلیش کارڈ دکھا کر آواز پوچھی جائے گی۔ دھا، دھو، دھی، دھے کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>ڈھال، ڈھول، ڈھیل، ڈھیر، ڈھیلا اور ڈھونڈ کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی بلند خوانی کروائی جائے گی اور بچوں سے بھی کروائی جائے گی۔ 'ڈھ' کے جملے تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>ٹوکری میں ڈھ اور الفاظ فلیش کارڈ رکھے جائیں گے۔ بچوں کو باری باری بُلا کر ان الفاظ کے فلیش کارڈ سے ایک جملہ بنانے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے کتاب صفحہ 72 کھولنے کو کہا جائے گا۔ ڈھ کے الفاظ کی لکھائی کرنے کو کہا جائے گا۔ جملے تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی اور ڈھ کے الفاظ کی نشاندہی کروائی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے بورڈ پر 'ڈھ' کے الفاظ لکھوائے جائیں گے۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | ڈھ<br>الفاظ فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ<br>72 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ڈھ کی آواز اور مصوتوں کے ساتھ ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی                بتسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'ڑھ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ بھاری حرف 'ڑھ' کے الفاظ پہچان سکیں۔ ڑھ کو ا، و، ی، ے کے ساتھ ملا کر لکھ سکیں۔ 'ڑھ' کے الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بھ، پھ، تھ، ٹھ، جھ، چھ، دھ، ڈھ کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ڈھ کی آواز اور مصوتوں کے ساتھ ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر 'ڑ' اور 'ھ' فلیش کارڈ چسپاں کر کے بچوں کو 'ڑھ' کی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو یاد کروایا جائے گا کہ د، ڈ، ڑ شرارتی حروف میں سے ہیں۔ یہ اپنے سے بعد میں آنے والے حروف سے نہیں جڑتے اس لیے دھ، ڈھ اور ڑھ کو الگ الگ لکھا جاتا ہے۔ ڑھ کو ا، و، ی، ے سے ملا کر تختہ سفید/ سیاہ پر لکھا جائے گا اور بچوں سے پڑھوایا جائے گا۔ یہ عمل تین سے چار بار کروایئے۔<br>ڑھ + ا = ڑھا          ڑھ + و = ڑھو<br>ڑھ + ی = ڑھی          ڑھ + ے = ڑھے | 10 منٹ | 'ڑھ' فلیش کارڈ<br>Spin Wheel | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>معلمہ بچوں کو Spin wheel دیں گی۔ معلمہ Spin wheel خود تیار کرے گی۔ بچوں کو Spin wheel کے ساتھ چھوٹا سفید بورڈ دیا جائے گا۔ اور جوڑوں میں تقسیم کر دیا جائے گا۔ ہر جوڑ Spin wheel کو گھما کر لفظ بتائے گا اور بورڈ پر لکھے گا۔ اس سرگرمی کے دوران بچوں کے پاس باری باری جا کر ان کی راہنمائی کی جائے گی۔ بچوں سے کتاب صفحہ 74 کھولنے کو کہا جائے گا۔ ڑھ کی لکھائی کرنے اور مصوتوں سے ملا کر لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ 74 | |
| | **اختتامیہ:** ہوا میں 'ڑھ' کی لکھائی کروایئے۔<br>**گھر کا کام:** کاپی پر 'ڑھ' کی لکھائی کیجیے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی بتسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'ڑھ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ بھاری حرف 'ڑھ' کے الفاظ پہچان سکیں۔ ڑھ کو ا،و،ی،ے کے ساتھ ملا کر لکھ سکیں۔ 'ڑھ' کے الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>ڑھا،ڑھو،ڑھی،ڑھے تختہ سیاہ/سفید پر لکھ کر ان کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ڈھ کی آواز اور مصوتوں کے ساتھ ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>پڑھ، پڑھا، پڑھو، پڑھی، پڑھے، پڑھیں اور پڑھائی کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی بلند خوانی کروائی جائے گی اور بچوں سے کرنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو ان الفاظ کے جملے بنانے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | دھ<br>ڈھ اور ڑھ<br>کے الفاظ<br>فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>دھ، ڈھ، اور ڑھ کے الفاظ فلیش کارڈ بورڈ پر چسپاں کر کے باری باری بچوں کو بُلا کر تمام الفاظ کی دہرائی کروائی جائے گی اور 'ڑھ' کے لفظ کے گرد دائرہ بنانے کو کہا جائے گا۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ 75 کھولنے کو کہا جائے گا۔ الفاظ کی لکھائی کرنے کو کہا جائے گا۔ نیچے پڑھائی کے توڑ کرنا بتایا جائے گا۔ معلمہ تمام الفاظ اور پڑھائی کے توڑ بورڈ پر لکھے گی اور بچوں سے دیکھ کر لکھنے کو کہے گی۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ<br>75 | |
| | **اختتامیہ:**<br>پڑھ، پڑھا، پڑھو، پڑھی، پڑھے، پڑھیں الفاظ کی دہرائی کروایئے۔ | 5 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کاپی پر 'ڑھ' کو ا،و،ی،ے سے ملا کر لکھیں۔ | | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی بتسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'ڑھ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصلِ سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف 'ڑھ' کے الفاظ پہچان سکیں۔ ڑھ کو ا، و، ی، ے کے ساتھ ملا کر لکھ سکیں۔ 'ڑھ' کے الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>'ڑھ' کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>پڑھ، پڑھا، پڑھو، پڑھی، پڑھے، پڑھیں اور پڑھائی کے فلیش کارڈ بورڈ پر چسپاں کر کے بچوں کو ان پر جملے بنانے کو کہا جائے گا۔ مثال کے طور پر علی کتاب پڑھ رہا ہے۔ 'آج ہم اُردو کہانی پڑھیں گے' وغیرہ۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو چھوٹے سفید بورڈ اور مارکر دیے جائیں گے۔ معلمہ اوپر دیے گئے الفاظ میں سے کسی ایک کا فلیش کارڈ دکھائیں گے اور بچوں سے بورڈ پر توڑ لکھنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے تمام جملوں کی بلند خوانی کرنے اور خالی جگہ میں درست لفظ بتانے کو کہا جائے گا۔ معلمہ تمام جملے بورڈ پر لکھے گی اور بچوں سے لکھنے کو کہے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>'ڑھ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | الفاظ فلیش کارڈ<br>چھوٹے سفید بورڈ<br>کتاب صفحہ 76 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ڑھ کی آواز اور مصوتوں کے ساتھ ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |